08/02/2025

09.25 AM(5 min)

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ محمود احمد خان سے خبریں سُنئے

کابینہ

حکومت نے 2022-23سے 2025-26 تک کی مدت تک اسکل انڈیا پروگرام کیلئے آٹھ ہزار 8 سو کروڑ روپئے کی منظوری دی ہے۔ میڈیا کو تفصیل بتاتے ہوئے اطلاعات ونشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ مانگ کے حساب سے ہنرمندی کے فروغ پر حکومت اوّلین ترجیح دے رہی ہے اور اس بات پر زور دیا جارہا ہے کہ تبدیلی اور معیار میں اضافہ کیا جائے۔

انہوں نے کہا کہ حکومت نے 31 مارچ 2028 تک تین برس کیلئے صفائی کرمچاریوں کیلئے قومی کمیشن کی مدت میں بھی توسیع کی منظوری دی ہے۔

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی10فروری 2025کوپریکشا پہ چرچہ پروگرام کے تحت طالب علموں کے ساتھ بات چیت کریں گے۔ اس پروگرام کا مقصد طلباءکو امتحانات کے
دباو

سے دور رکھناہے ۔یہ اس پروگرام کاآٹھواں ایڈیشن ہوگا۔ امسال پریکشا پہ چرچا پروگرام میں شرکت کے لئے 5کروڑافراد ۂ جن میںطلبائ،اساتذہ اوروالدین شامل ہیں، نے شرکت کے لئے انداج کرایا ہےپر و گرام صبح11بجے دور درشن اور دیگر متعددنشریاتی اداروں سے نشر ہوگا جہاںوزیر اعظم نریندرمودی طالب علموں کو تعلیم سے متعلق قیمتی آراءاورتجاویز پیش کریں گے تاکہ وہ امتحانات میں بغیر کسی دباو کے شامل ہو سکیں ۔اس سال تما م ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں سے 36طلباءکا انتخاب کیا گیا ہے۔اس سیشن میں منٹل ہیلتھ سے لیکرٹکنالوجی تک ماہرین استفساری سیشن میں طلباءکی رہنمائی کریں گے ۔واضح رہے یہ پروگرام وزیر اعظم نرندر مودی نے سال2018میں شروع کیا تھا ۔

پرگیہ پالیوال گور

ڈ ائر ایکٹر جنرل آکاشوانی ڈاکٹر پرگیہ پالیوال گورنے پریاگ راج میں جاری مہا کمبھ میلے مینمنسٹری آف انفارمیشن اینڈ براڈ کاسٹنگ کی نمائش کا جائزہ لیااور میڈیا سنٹر میں صحافیوں کے ساتھ بات چیت کی یہ نمائش گزشتہ 10 برس میں حکومت ہند کے پروگراموں ،پالسیوں،اسکیموں اور کامیابیوں کی نمائش کر رہی ہے ۔اس سے قبل انہوں نے سیکٹر4میں آکاشوانی اور دور درشن کے عارضی مراکز کا دورہ کیا۔انہوں نے عہدیداروں کے ساتھ ایک جائزہ میٹنگ منعقد کر کے آکاشوانی اور دور درشن پر نشر ہونے والے نیوز بلیٹن اور دیگر پروگراموں کا جائزہ لیا۔

قالین دستکاری

کشمیری دستکاری کی اصلیت کو بر قرار رکھنے اور یہاں کے دستکاری برانڈ کو فروغ دینے کی غرض سے جیو گرافیکل رجسٹری چنئی نے ہاتھ سے تیار کئے گئے کشمیری قالین کو اپنے جیو گرافیکل انڈیکیشن لائحہ عمل کے تحت نیا لوگو دیاہے ۔

اس حوالے سے انڈین انسٹی چیوٹ آف کارپیٹ ٹیکنالوجی نوشہرہ سرینگر کے ڈائریکٹر زبیر احمد نے شعبہ خبر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

----(Zubair)--Byte-----

پولیس

شوپیاں پولیس نے ایس ایس پی شوپیان عنایت علی چودھری کی نگرانی میں تین نئے فوجداری قوانین کے بارے میں ہرمین مینایک جانکاری پروگرام کا انعقاد کیا۔ اس پروگرام کا مقصد فیکلٹی، عملے اور طلباءکو بھارتی قانونی فریم ورک میں ہونے والی تازہ ترین پیش رفت کے بارے میں روشناس کرانا تھا۔ جن قوانین پر بحث کی گئی ہے ان میں بھارتیہ نیا ئے سنہتا، بھارتیہ ناگرِک سرکھشا سنہتا، اور بھارتیہ ساکشیہ ادھینیم شامل ہیں۔

منشیات کی لعنت کے خلاف پولیس نے اپنی کارروائیاں جاری رکھتے ہوئے انت ناگ اور شوپیان میں3منشیات فروشوں کو گرفتار کر لیاجن کے قبضے سے منشیات اور ممنوعہ مادہ برآماد کیا گیاہے۔ہیر پورہ شوپیان میں پولیس نے ناکہ چیکنگ کے دوران دیو پورہ کے منظور احمد وانا کو920گرام فُکی سمیت گرفتار کر لیا ہے ۔

ادھر مٹن اننت ناگ میں پولیس نے کھل چوہار کے رہنے والے فاروق کمار کے مکان سے تقریباً دس کلو چرس پا

ڈر اور2لاکھ16ہزار650 روپے نقدی برآمد کی-¶

ایک اور کارروائی مینپولیس نے لنگن بل پہلگام میں شیخ محلہ سلورہ کے شارق احمد شیخ کو گرفتار کرکے اس کے قبضے سے 120 گرام چرس برآمد کیپولیس نے اس سلسلے میں کیس درج کر کے مزید تحقیقات شروع کی ہے ۔

اوپیندر دویدی

فوج کے سربراہ جنرل اوپیندر دویدی نے سپتا شکتی کمانڈ کا دورہ کیا اور دو روز تک جاری رہنے والی صلاحیت سازی کی ترقیاتی کانفرنس میں شرکت کی۔ انہوں نے مغربی سرحدوں کی صورتحال کے ساتھ ساتھ آپریشنل تیاریوں کا بھی جائزہ لیا۔ انہوں نے فوج کی تینوں شاخوں کے سینئر کمانڈروں کے ساتھ بات چیت کی۔

دلی گنتی

دلی اسمبلی انتخابات کے ووٹوں کی گنتی آج صبح 8 جے شروع ہو گئی ہے۔ ووٹوں کی گنتی کے لئے دلی کے گیارہ اضلاع میں 19 گنتی مراکز قائم کئے گئے ہیں۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی2 اعشاریہ 9 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 6 اعشاریہ 9 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ